۱

Roll No. ________________ Annual 2018

اردو (لازمی) نیوکورس IV (سیکنڈری پارٹ I، کلاس نہم) پرچہ : I

پہلاگروپ تعلیمی سیشن (2017-19) وقت : 20 منٹ

نمبر : 15 معروضی SWL-G1-9-18

Code : 5027

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور رہوگا۔

1۔ ملازم کیا چیز کوٹ رہا تھا؟
(A) نمک (B) ریٹھے (C) مرچیں (D) گرم مسالا

2۔ سلیم کو آکر جگایا۔
(A) بیدارا نے (B) حضرت بی نے (C) نصوح نے (D) ماں نے

3۔ سبق " ہجرتِ نبوی " کے مصنف ہیں۔
(A) سرسیّداحمد خاں (B) مولانا شبلی نعمانی (C) ڈپٹی نذیر احمد (D) مولانا الطاف حسین حالی

4۔ انشااللہ خاں ایک دن ملاقات کو گئے۔
(A) غالبؔ سے (B) میر درؔد سے (C) جرأت سے (D) میرتقی میرؔ سے

5۔ قوم کی بہتری کی توقع کی جاسکتی ہے۔
(A) کاہلی چھوڑکر (B) فکرمندی چھوڑکر (C) خوش وخرم رہ کر (D) پریشان رہ کر

6۔ لوگ اکثر مرزا غالبؔ کو خط لکھتے تھے۔
(A) محبت بھرے (B) دکھ بھرے (C) بیرنگ (D) طویل

7۔ چمار کی مؤنث ہے۔
(A) چوڑائی (B) چماری (C) بیوہ (D) بہو

8۔ دیئے گئے مترادف کی فہرست ہے۔
(A) آسان ۔ مشکل (B) حکایت ۔ شکایت (C) ذوق ۔ خوف (D) عاقل ۔ دانش مند

9۔ ملکہ کا مذکر ہے۔
(A) مالک (B) بادشاہ (C) املاک (D) ملک

10۔ امانت کا متضاد ہے۔
(A) دیانت (B) خیانت (C) صداقت (D) شرافت

11۔ نظم برسات کی بہاریں کے شاعر ہیں۔
(A) امیر مینائی (B) نظیر اکبر آبادی (C) علامہ اقبالؒ (D) الطاف حسین حالی

12۔ آفت کی جمع ہے۔
(A) آفتیں (B) آفتوں (C) آفات (D) اُفق

13۔ صبا کہاں سے آتی ہے؟
(A) طائف (B) مکہ (C) مدینہ (D) یمن

14۔ دہشت گردی ختم کرنے کیلئے کس کے ساتھ کام کرنا ہوگا؟
(A) فوج (B) پولیس (C) عوام (D) ان سب کے ساتھ

15۔ کرنیلوں کو رہائش کیلئے کون سے بنگلے ملتے تھے؟
(A) اے کلاس (B) بی کلاس (C) سی کلاس (D) ڈی کلاس

1 - 118- 46000 ☆☆☆☆

Roll No. _______________ Annual 2018

اردو(لازمی) نیو کورس (سیکنڈری پارٹ I، کلاس نہم) پرچہ : I

پہلا گروپ تعلیمی سیشن (2017-19) نمبر : 60

وقت : 2.10 گھنٹے انشائی

SWL-G1-9-18

حصہ اوّل

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے): 10

(حصہ نظم)

(i) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام ، صبا تیرا

(ii) سُنی ہم نے طوطی و بُلبُل کی باتیں ترا تذکرہ ہے ، تری گفتگو ہے

(iii) سب مست ہو رہے ہیں پہچان تیری قدرت تیتر پُکارتے ہیں سُبحان تیری قدرت

(iv) ہے لازوال عہد خزاں اُس کے واسطے کُچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بار سے

(حصہ غزل)

(i) چشمِ دل کھول اُس بھی عالم پر یاں کی اوقات خواب کی سی ہے

(ii) مَیں بھی مُنھ میں زبان رکھتا ہوں کاش پُوچھو کہ مُدّعا کیا ہے

(iii) ان حسرتوں سے کہہ دو کہیں اور جا بسیں اتنی جگہ کہاں ہے دلِ داغ دار میں

(حصہ دوم)

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی ، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے: 5 + 5 = 10

(الف) میر اور مرزا کے کلام پر دو شخصوں نے تکرار میں طول کھینچا۔ دونوں خواجہ باسط کے مرید تھے۔ اُنھی کے پاس گئے اور عرض کی کہ آپ فرمائیں۔ اُنھوں نے کہا کہ دونوں صاحب کمال ہیں، مگر فرق اتنا ہے کہ میر صاحب کا کلام ' آہ ' ہے اور مرزا صاحب کا کلام ' واہ ' ہے۔

(ب) بھینس اگر ورزش کرتی اور غذا کا خیال رکھتی تو شاید چھریری ہوسکتی تھی لیکن کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ بعض لوگ مکمل احتیاط کرنے پر بھی موٹے ہوتے چلے جاتے ہیں۔ بھینس کا مشغلہ جگالی کرنا ہے یا تالاب میں لیٹے رہنا۔ وہ اکثر نیم باز آنکھوں سے اُفق کو تکتی رہتی ہے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات دیجیے: 10

(i) شاعر " اضطراب " کی حالت میں کیا کرتا ہے؟

(ii) محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟

(iii) عہدِ خزاں کس کے واسطے لازوال ہے؟

(iv) سبق " مرزا غالب کے عادات و خصائل " کس کتاب سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟

(v) رسول پاک ﷺ نے حضرت علیؓ سے کیا ارشاد فرمایا؟

(vi) سلیم کی ماں نے سلیم کے ساتھ نصوح کے پاس جانے سے کیوں انکار کیا؟

(vii) شیخ جمن نے فیصلہ سُناتے ہوئے انصاف کے اصولوں کو کہاں تک پورا کیا؟

(viii) تصویریں اختر کی نہیں ہیں۔ اس انکشاف پر تجمل کا ردِ عمل کیا تھا؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(الف) شاعروں کے لطیفے (ب) آرام و سکون

6۔ شاملِ نصاب نظم " حمد " کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7۔ اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں اسے دل لگا کر پڑھنے کی تاکید کیجیے۔ 10

یا

ہیلتھ آفیسر صاحب کے نام صفائی کی درخواست لکھیے۔

8۔ " نااتفاقی کا انجام " کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ 5

یا

دو ہم جماعت کے درمیان پڑھائی کے موضوع پر مکالمہ تحریر کیجیے۔

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

(i) ہم نے حج کرنا ہے۔

(ii) طارق نے اخبار کو خریدا۔

(iii) عورتوں نے کہا ہم آگئیں ہیں ۔

(iv) مبشر اور مدثر دونوں اپنی جگہ بیٹھے، اُس نے اپنی باتیں کیں اور کھانا کھانے لگے۔

(v) سات چاند لگ جانا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کر کے لکھیے۔

(i) جس کی لاٹھی __________

(ii) غریب کی جورو __________

(iii) رات گئی __________

(iv) ہاتھی کے دانت کھانے کے اور __________

(v) نو سو چوہے کھا کے __________

Roll No. ______________ Annual 2018

اردو (لازمی) نیو کورس (IV)(سیکنڈری پارٹ I، کلاس نہم)

گروپ : II تعلیمی سیشن (2017-19) پرچہ : I

نمبر : 15 معروضی SWL-G2-9-18 وقت : 20 منٹ

Code: 5028

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1۔ نظم برسات کی بہاریں میں تذکرہ کیا گیا ہے۔

(A) موسم گرما کا (B) خزاں کا (C) برسات کا (D) سردی کا

2۔ نظم " پیوستہ رہ شجر سے امیدِ بہار رکھ " کس شاعر نے لکھی ہے؟

(A) مولانا حالیؔ (B) نظیر اکبر آبادی (C) حیدر علی آتشؔ (D) علامہ محمد اقبال

3۔ شاعر پہ کس طرح کی حالت طاری ہے؟

(A) خوشی کی (B) اضطراب کی (C) غمی کی (D) شراب کی

4۔ اکبر کی جمع ہے۔

(A) اکابر (B) اقبار (C) اکبیر (D) کبیر

5۔ کتا کی مؤنث ہے۔

(A) کُتی (B) کتورا (C) کتیا (D) کتنی

6۔ دساتیر کی واحد ہے۔

(A) دستار (B) دستور (C) دستاور (D) دسترس

7۔ عُسرت کا مترادف ہے۔

(A) سعرت (B) اسراع (C) کسرت (D) تنگ دستی

8۔ قلیل کا متضاد ہے

(A) قلت (B) اکسیر (C) اکثریت (D) کثیر

9۔ دہشت گردی ختم کرنے کیلئے کس کے ساتھ کام کرنا ہوگا؟

(A) فوج (B) پولیس (C) عوام (D) سب کے ساتھ

10۔ مرزا غالبؔ کے نہایت وسیع تھے۔

(A) اخلاق (B) افکار (C) کردار (D) خصائل

11۔ میرؔ اور مرزاؔ کے کلام پر تکرار کرنے والے کس کے مرید تھے؟

(A) خواجہ میر دردؔ (B) خواجہ باسط (C) مرزا غالبؔ (D) ابراہیم ذوق

12۔ سردار تجمل حسین کی کوٹھی کا نام تھا۔

(A) النور (B) الفلاح (C) عشرت کدہ (D) النشاط

13۔ انسانی صفت کو کھو کر انسان بن جاتا ہے پورا

(A) حیوان (B) شیطان (C) انسان (D) جانوں

14۔ ملازم کیا چیز کوٹ رہا تھا؟

(A) نمک (B) مرچیں (C) ریٹھے (D) گرم مسالا

15۔ ماسٹر جی نے کس چیز کی فرمائش کی۔

(A) لسّی (B) چائے (C) کافی (D) کارن فلیک

Roll No. ______________ Annual 2018

اردو (لازمی) نیوکورس (سیکنڈری پارٹ I، کلاس نہم) پرچہ : I

گروپ : II ( تعلیمی سیشن 2017-2019 )

وقت : 2.10 گھنٹے انشائی نمبر : 60

SWL-G2-9-18

## حصہ اوّل

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجئے (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے): 10

**(حصہ نظم)**

(i) محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نا محرم — کچھ کہ نہ سکا جس پر یاں بھید کُھلا تیرا
(ii) یہاں ہے ظہور اور وہاں نُور تیرا — مکاں میں بھی تو ، لا مکاں میں بھی تو ہے
(iii) بادل ہوا کے اوپر ہو مست چھا رہے ہیں — جھڑیوں کی مستیوں سے دُھومیں مچا رہے ہیں
(iv) ہے لا زوال عہدِ خزاں اس کے واسطے — کچھ واسطہ نہیں اُسے برگ و بار سے

**(حصہ غزل)**

(i) ہستی اپنی حباب کی سی ہے — یہ نمائش سراب کی سی ہے
(ii) جان تُم پر نثار کرتا ہوں — میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے
(iii) عمرِ دراز مانگ کر لائے تھے چار دن — دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں

## حصہ دوم

3 ۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجئے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی ، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھئے: 5 + 5 = 10

(الف) اس واقعے کو کئی ماہ گزر گئے۔ الگو جب اپنے بیل کی قیمت مانگتے ،تو سیٹھ اور سیٹھانی دونوں جھلائے ہوئے کتوں کی طرح چڑھ بیٹھتے۔ یہاں تو سارے جنم کی کمائی مٹی میں مل گئی۔ فقیر ہوگئے۔ انھیں دام کی پڑی ہے۔ مردہ منحوس بیل دیا تھا، اس پر دام مانگتے ہیں۔ آنکھ میں دھول جھونک دی ۔ مرا ہوا بیل گلے باندھ دیا۔

(ب) تمھیں یہ خبر سن کر اتنی خوشی نہیں ہوئی جتنی ہونی چاہیے تھی۔ میرا خیال ہے یہ تمہارا بہت بڑا کارنامہ ہے۔ تم نے ملک کے تمام مصوّروں کے مقابلے میں یہ انعام جیتا ہے۔ یہ کوئی معمولی اعزاز نہیں ہے۔ میں نے اس خوشی پر آج شام چائے کا اہتمام کیا ہے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات دیجئے: 10

(i) ہجرتِ نبوی ﷺ سے کیا مراد ہے؟
(ii) انسان کب سخت کاہل اور وحشی ہوجاتا ہے؟
(ii) خواجہ باسط نے میر اور مرزا کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا؟
(iv) مضمون نگار کے والد نے کس طرح اُسے تسلی دی؟
(v) مصنف کو کس قسم کا بنگلا ملا؟
(vi) خلوتِ اوراق میں کون نغمہ زن تھے؟
(vii) شاعر اپنی حرمت و آبرو کس بات میں خیال کرتا ہے؟
(viii) بُلبل کو باغبان اور صیاد سے کیا گلہ ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجئے۔ 5

(الف) کاہلی (ب) لہو اور قالین

6۔ شاملِ نصاب نظم " پیوستہ رہ شجر سے امیدِ بہار رکھ " کا خلاصہ یا مرکزی خیال لکھئے اور شاعر کا نام بھی لکھئے۔ 5

7۔ دوست کو خط لکھیے اور اپنے رُوٹھے ہوئے دوست کو منانے کی کوشش کیجئے۔ 10

یا

اپنی بیماری کی وجہ سے چھٹی لینے کیلئے سکول کے ہیڈ ماسٹر کو درخواست لکھئے۔

8۔ " عقلمند بیوی " کے عنوان پر ایک کہانی لکھئے۔ 5

یا

مریض اور طبیب کے مابین مکالمہ تحریر کیجئے۔

9۔ درج ذیل جملوں کی درستگی کیجئے: 5

(i) ریوڑ جنگل میں چر رہی ہے
(ii) میں نے فرحان دیکھا۔
(iii) طارق نے اخبار کو خریدا
(iv) اسلم نے لاہور جانا ہے
(v) قبر پر ہاتھ مارنا

یا

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجئے:

(i) دل کو دل سے __________
(ii) زبانِ خلق کو __________
(iii) شیخی اور __________
(iv) طویلے کی بلا __________
(v) فقیر کی صورت __________